PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

سمر رائزنگ کے طلبا بلند پرواز ...برادری کی مدد سے

عزیزی نیویارک کے مکین،

جبکہ اگست ختم ہورہا ہے، میں ہمارے مقبول سمر رائزنگ پروگرام کے بارے میں اظہار کررہا ہوں، جس نے بچوں کو گرمیوں کے تمام مہینوں میں تعلیم جاری رکھنے میں ایک مضبوط برادری کی شراکت کی افادیت کو میرے لیے مزید مستحکم کیا ہے۔ شہر بھر میں گریڈز K–8 کے طلبا کے لیے ہمارے مفت موسمِ گرما میں آموزش پروگرام نے بچوں کو پُرتفریح اور تقویتی سرگرمیوں کے ذریعے نشو ونما پانے، سیکھنے اور اپنی ہنرمندیوں کی چھان بین کرنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ میں شہر میں مقامات کا دورہ کرکے اور یہ سن کر بہت لطف اندوز ہوا کہ اس عمدہ پروگرام نے محکمئہ نوجوانان اور اجتمائی فروغ دہی پروگرامز کی شراکت میں بچوں کی زندگیوں میں ایک حقیقی فرق ڈالا ہے۔

P.S. 55 Benjamin Franklin ، برونکس میں ایک کمیونٹی اسکول میں، میں نے طلبا کو ریاضی کے پیچیدہ سوالات حل کرتے ہوئے، اسکول کے عالمی سطح کے ساکر میدان میں گیند سے کھیلتے ہوئے، اور نئے باسکٹ بال کورٹ میں ہوپس میں بال ڈالتے ہوئے دیکھا۔ پرنسپل Luis Eladio Torres، جنہیں میں کئی سالوں سے جانتا ہوں، اپنی برادری کے لیے ایک طاقتور حمایتی ہیں؛ انکی کوششوں کے نتیجے میں، اسکول میں ایک نیا خوبصورت کیفیٹیریا ہے، ایک آن سائٹ ڈینٹسٹ ہے اور ایک باغ ہے جہاں طلبا اسکولی برادری کے لیے پھل سبزیاں اگاتے ہیں۔ Torres ان اختراعات کا برادری پر مبنی تنظیموں (CBO) BronxWorks اور SCAN-Harbor کو ذمہ دار ٹھہراتے ہیں۔ سیکھنے کے لیے کتنا بہترین ماحول ہے!

میں P.S. 132 Juan Pablo Duarte واشنگٹن ہائٹس میں ایک کمیونٹی اسکول میں وقت گزارنے سے بھی لطف اندوز ہوا۔ میں نے پروگرام کے تقویتی حصے کے دوران دورہ کیا، جو Catholic Charities Community Services, Archdiocese of New York ,CBO کے زیرِ قیادت ہے، اور طلبا کو پیپر پلیٹس سے رولر کوسٹر بناکر فزکس سیکھتے ہوئے دیکھا۔ مجھے فخر ہے کہ اسکول کے بیسمنٹ میں ایک لانڈرومیٹ ہے اور Urban Arts، کمیونٹی اسکول ڈائریکٹر Domingo Estevez اور دیگر مقامی گروپس کے ساتھ اپنی شراکت کے ذریعے ایک فوڈ پینٹری چلاتا ہے، جو پُرغذائیت کھانے اور صاف لباس تک رسائی کو بڑھاتا ہے۔

سمر رائزنگ طلبا کے کلاس روم کی چار دیواری سے باہر بامقصد اور باارادہ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع تخلیق کرنے کے ہمارے مقصد کی عکاسی کرتا ہے جو انکی اگلے تعلیمی سال میں مدد کرے گا۔ اس پروگرام کے مرکز میں برادری کی شراکت داریاں بچوں کے لیے حقیقتاً منافع بخش ہیں: زیادہ فیلڈ ٹرپس، زیادہ افزونی کے مواقع، فنون، ثقافت، اور سائنس سے زیادہ روشناسی، اور مضبوط سماجی - جذباتی اعانت۔ بہترین حصہ طلبا کو اپنی صلاحیتوں کا حقیقی زندگی میں اطلاق کرتے، اور تابناک مستقبل کی جانب راہگزر کو روشن کرتے دیکھنا ہے۔

یہ سننے کے بعد کہ کتنے طلبا ان پچھلے دو مہینوں میں پھلے پھولے ہیں، مجھے اس بارے میں بلند امیدیں ہیں کہ خزاں میں کیا ہونے والا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ بقایا گرمیوں کے موسم سے لطف اندوز ہونگے، اور ستمبر میں آپکے بچوں کو اسکول میں واپس دیکھنے کا متمنی ہوں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

ہمارا مرکزِ توجہ وڈیو

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئی کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ "Auto-translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔